© rasailojaraid.com



# نعت شریف

پروفیسر ڈاکٹر محمد شکیل اوج

ڈائریکٹر سیرت چیئر، جامعہ کراچی

ڈین، کلیہ معارف اسلامیہ، جامعہ کراچی

| | | |
|---|---|---|
| آیتوں کی جب تلاوت کیجیے | | آپ کی ہر دم زیارت کیجیے |
| گر کیا مہجور اس قرآن کو (۱) | | پھر نہ آقا سے شکایت کیجیے |
| جس کی الفت دین کی بنیاد ہے | | اُس نبی کی دل سے چاہت کیجیے |
| اُن کے نامِ پاک پہ مَر جایئے | | موت کو فخرِ شہادت کیجیے |
| اُستوار پھر عہدِ طاعت کیجیے | | کامرانی کی وہ صورت کیجیے |
| ابتداء اسلام کی کیسے ہوئی؟ | | یاد غُربت کی مَسافت کیجیے |
| اہلِ حق پر جو اُترتی ہے سَدا | | پھر وہی ہم پر سکینت کیجیے (۲) |
| آپ اور اصحاب کا اُسوہ ہے یہ | | دشمنانِ دیں پہ شدّت کیجیے (۳) |
| رحم ہو آپس میں گویا اِس طرح | | گر لڑے کوئی تو حیرت کیجیے |
| باہمی اُلفت رہے کچھ اس قدر | | غیر مانے وہ اخوت کیجیے |
| مزرع اسلام کو پھر سینچ کر | | قلبِ کافر پر قیامت کیجیے |
| ہاتھ ہے جن کا مرے اللہ کا ہاتھ | | ایسے ہاتھوں پر ہی بیعت کیجیے (۴) |
| فیصلہ کُن انقلاب آنے کو ہے | | پیش دعوے پر شہادت کیجیے |
| اپنے ایماں اور اپنے دین کی | | بدنظر سے پھر حفاظت کیجیے |
| حق پرستی کی سزا کیونکر ملے؟ | | آگے بڑھیے اور جُرأت کیجیے |
| حق نے باطل کو مٹایا جس طرح | | پھر اُسے زندہ حقیقت کیجیے |
| جس کی حُرمت پر فدا یہ جان ہے | | اُس نبی کی دل سے عزّت کیجیے (۵) |
| ان کی ہستی پر جو سبقت کیجیے | | مُسترد ہے، گو عبادت کیجیے (۶) |
| صوت پر ان کی ترفّع جُرم ہے | | نیکیوں کو یوں نہ غارت کیجیے (۷) |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



| | | |
|---|---|---|
| رب کا بھی ارشاد ہے لاتجہروا | | کیوں عمل اپنا اکارت کیجئے (۸) |
| ان کے رب نے کب پکارا نام سے؟ | | آپ نہ ایسی جسارت کیجئے (۹) |
| جب بُلائیں آپ کو آقا حضور | | حاضری میں پھر نہ غفلت کیجئے (۱۰) |
| جلوۂ صد رنگ ہو پیشِ نگاہ | | پھر عطا چشمِ بصیرت کیجئے |

## حوالہ جات


۱۔ الفرقان/۳۰
۲۔ الفتح/۴
۳۔ الفتح/۲۹
۴۔ الفتح/۱۰
۵۔ التوبہ/۱۲۰
۶۔ الحجرات/۱
۷۔ الحجرات/۲
۸۔ الحجرات/۲
۹۔ الاحزاب/۱، المائدہ/۴۱۔۶۷
۱۰۔ النور/۶۳


© rasailojaraid.com



© rasailojaraid.com